علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: فروغِ اُردو کے اہم ادارے (9030) سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 5)

کل نمبر: 100 **کامیابی کے نمبر: 50**

سوال 1۔ قومی ترقی کے تناظر میں اردو زبان کی اہمیت پر روشنی ڈالیں، نیز اردو کے فروغ کے لیے قائم کیے گئے اداروں کی خدمات کا اجمالی مگر جامع جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال 2۔ ایشیاٹک سوسائٹی کب اور کن مقاصد کے تحت قائم کی گئی؟ اس ادارے نے علمی و ثقافتی سطح پر کن نمایاں اثرات کو جنم دیا؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال 3۔ انیسویں صدی کے اشاعتی اداروں نول کشور اور فورٹ ولیم کالج کی اردو کے لیے خدمات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال 4۔ کیا یہ کہنا درست ہے کہ دلی کالج میں ہونے والے تراجم نے اردو زبان کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا؟ نیز دلی کالج پر سائنٹفک سوسائٹی کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال 5۔ انجمن ترقی اردو (ہندو پاکستان) کی دونوں شاخوں کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیں، نیز اس ادارے کی شائع کردہ نمایاں اردو تصانیف پر تبصرہ کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ:6تا9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1۔ کیا اردو زبان جدید سائنسی اور فنی علوم کی منتقلی کا موثر ذریعہ بن سکتی ہے؟ تیکنیکی اداروں کی شائع کردہ کتب اور لغات کے حوالے سے اس کا مدلل جواب دیں۔(20)

سوال 2۔ پاکستانی ثقافتی ادارے بین الاقوامی سطح پر اردو زبان و ادب کے تعارف اور رسائی کے لیے کیا کردار ادا کر رہے ہیں؟ (20)

سوال 3۔ پاکستانی زبانوں میں یگانگت پیدا کرنے اور اردو کے فروغ کے لیے اکادمی ادبیات پاکستان کی کاوشوں کا احاطہ کریں۔ (20)

سوال 4۔ پاکستان کی مختلف جامعات کے شعبہ ہائے اردو نے تحقیق و تدوین کے میدان میں اردو زبان کو کیا نئی جہتیں عطا کی ہیں؟ (20)

سوال 5۔ علاقائی زبانوں کے ادارے (سندھی ادبی بورڈ، پشتو اکیڈمی وغیرہ) اردو زبان کے ساتھ اشتراک و تعاون کی فضا کیسے تعمیر کر رہے ہیں؟ (20)